**AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD**

**SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE**

**CLASS IX**

**ANNUAL EXAMINATIONS (THEORY) 2023**

**Islamiyat Paper I**

**Time: 55 minutes Marks: 30**

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

## ہدایات


1۔ ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

2۔ جوابات کے ورق پر جوابات دیجیے جو علیحدہ مہیا کیا گیا ہے۔ اپنے جوابات ، سوالات کے پرچے پر ہر گز نہ لکھیے۔

3۔ جوابات کے ورق پر 100 تک نمبر دیے گئے ہیں۔ آپ 1 سے 30 نمبر تک ہی جوابات دیجیے۔

4۔ ہر سوال کے چار انتخابات (options) D, C, B, A دیے گئے ہیں۔ ان میں سے **ایک** کو منتخب کیجیے۔ پھر جوابات کے صفحے میں متعلقہ دائرے کو پنسل سے بھر دیجیے جیسا کہ نیچے دکھایا گیا ہے۔

**امیدوار کے دستخط**




5۔ اگر آپ اپنا جواب بدلنا چاہیں تو پہلے والے جواب کو مکمل طور پر ربڑ سے مٹا دیجیے پھر نئے دائرے کو بھریے۔

6۔ جوابات کے صفحے میں کچھ نہ لکھیے۔ کمپیوٹر صرف بھرے ہوئے دائروں کو ریکارڈ کرے گا۔

1۔ درج ذیل نِکات کو پڑھیے۔

- تمام الہامی کتب کی نگہبانی
- تمام الہامی کتب کے لیے گواہی
- تمام الہامی کتب کے لیے صداقت

دیے گئے نِکات قرآنِ مجید کے کس صفاتی نام سے متعلق ہیں؟

A۔ النور
B۔ البیان
C۔ المھیمن
D۔ التنزیل

2۔ آپ سے کوئی شخص یہ کہے کہ قرآن مجید کو بہ طورِ معجزہ ثابت کرو، تو آپ درج ذیل کون سا عنصر اُس کے سامنے رکھیں گے؟

A۔ اُس کے الفاظ
B۔ اُس کی ترتیب
C۔ اُس کے احکامات
D۔ اُس کی آیات کی تعداد

3۔ تلاوتِ قرآنِ مجید کے نتیجے میں کون سی دولت نصیب ہوتی ہے؟

A۔ عزم و یقین
B۔ مال و اسباب
C۔ عزت و شہرت
D۔ عزت و بادشاہت

4۔ درج ذیل میں سے کس کا تعلق 'مہر' سے **نہیں** ہے؟

A۔ مُعَجَّل
B۔ مُوَجَّل
C۔ مِثل
D۔ مَوَدَّت

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

5۔ ”اے لوگو! اپنے رب سے ڈرو جس نے تمھیں ایک جان سے پیدا کیا اور اسی جان سے اس کا جوڑا بنایا اور اُن دونوں سے بہت سے مرد اور عورتیں پھیلائیں، اس اللہ سے ڈرو جس کا واسطہ دے کر تم ایک دوسرے سے اپنا حق مانگتے ہو اور رشتہ داری کے تعلقات کو بگاڑنے سے بچو۔۔۔'' (النساء: 01)

دی گئی آیت کے ترجمے میں کس اہم نکتے کی طرف اشارہ کیا جارہا ہے؟

A۔ انسانی تخلیق

B۔ انسانوں کی نگہبانی

C۔ رشتہ داروں کی اقسام

D۔ مردوں اور عورتوں کی تعداد

6۔ وَاٰتُوا الْيَتٰمٰٓى اَمْوَالَهُمْ وَلَا تَتَبَدَّلُوا الْخَبِيْثَ بِالطَّيِّبِ ۪ وَلَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَهُمْ اِلٰٓى اَمْوَالِكُمْ ؕ اِنَّهٗ كَانَ حُوْبًا كَبِيْرًا۔ (النساء: 02)

دی گئی آیت میں کون سی اخلاقی تعلیم دی جارہی ہے؟

A۔ یتیموں کا مال اُنھی پر استعمال کیا جائے

B۔ یتیموں کا مال بے جا استعمال نہ کیا جائے

C۔ یتیموں کا مال بغیر گواہوں کے نہ لوٹایا جائے

D۔ یتیموں کا مال حسبِ ضرورت گواہوں کی موجودگی میں استعمال کیا جائے

7۔ ''اور جو حاجت مند ہو تو مناسب مقدار کھالے۔۔۔'' (النساء: 06)

دی گئی آیت (ترجمے) کے مذکورہ حصے میں حاجت مند کسے کہا گیا ہے؟

A۔ لوگوں کی مدد کرنے والا

B۔ یتیم کی پرورش کرنے والا

C۔ علم کی طلب میں پھرنے والا

D۔ اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والا



AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

8۔ وَابْتَلُوا الْيَتَامٰى حَتّٰٓى اِذَا بَلَغُوا النِّكَاحَ ۚ فَاِنْ اٰنَسْتُمْ مِّنْهُمْ رُشْدًا فَادْفَعُوْٓا اِلَيْهِمْ اَمْوَالَهُمْ۔ (النساء: 06)

دی گئی آیت میں یتیموں کا مال اُنھیں کب لوٹایا جائے ؟

A۔ جب وہ دو گواہ لے کر آجائیں
B۔ جب اُن میں عقل و شعور آجائے
C۔ جب اُن کے پاس اپنا مال جمع ہو جائے
D۔ جب وہ اسلامی تعلیمات پر عمل پیرا ہو جائیں

**درج ذیل آیت کی روشنی میں سوال نمبر 9 اور 10 کے جوابات دیجیے۔**

اِنَّ الَّذِيْنَ يَاْكُلُوْنَ اَمْوَالَ الْيَتَامٰى ظُلْمًا اِنَّمَا يَاْكُلُوْنَ فِيْ بُطُوْنِهِمْ نَارًا ۖ وَسَيَصْلَوْنَ سَعِيْرًا۔ (النساء: 10)

9۔ دی گئی آیت میں موجود لفظ 'سَعِيْرًا' کے کیا معنی ہیں؟

A۔ کھانا
B۔ پیٹ
C۔ بھڑکنا
D۔ عنقریب

10۔ درج بالا آیت میں یتیموں پر کس ظلم کی بات کی جا رہی ہے ؟

A۔ اُن کا مال کھانا
B۔ اُن پر جسمانی تشدد کرنا
C۔ اُن کو ترکے میں شامل نہ کرنا
D۔ اُن کو مال دیتے وقت گواہ طلب نہ کرنا

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

11۔ ترجمہ: ''نیکی تو یہ ہے جو اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان لائے اور فرشتوں اور کتابوں اور نبیوں پر، اور اس کی محبت میں رشتہ داروں اور یتیموں اور مسکینوں اور مسافروں اور سوال کرنے والوں کو اور گردنوں کے چھڑانے میں مال دے۔''
(البقرۃ: 177)

دی گئی آیت کے ترجمے میں نیکی کے حوالے سے کتنے عناصر کا ذکر موجود ہے؟

A۔ 6
B۔ 7
C۔ 9
D۔ 11

12۔ آپ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا: ''نماز ایسے پڑھو جیسے کہ میں پڑھتا ہوں۔'' (صحیح بخاری)

دی گئی روایت، حدیث کی کون سی قسم سے تعلق رکھتی ہے؟

A۔ حدیثِ قولی
B۔ حدیثِ فعلی
C۔ حدیث قدسی
D۔ حدیثِ تقریری

13۔ حامد نویں جماعت کا طالب علم ہے۔ وہ روزانہ اسکول جاتا ہے اور غیر حاضر بھی نہیں رہتا۔ ایک دن وہ اسکول سے گھر آرہا تھا کہ اُس پر کسی نے عمارت کی چھت سے کچرا پھینک دیا۔ اسے غصہ آیا لیکن فوراً ہی اپنے غصہ پر قابو پالیا اور درگزر کرتے ہوئے سیدھا اپنے گھر کی جانب روانہ ہوگیا۔

دیے گئے بیان کے پیشِ نظر بتائیے کہ حامد نے درج ذیل میں سے کون سی حدیث پر عمل کیا؟

A۔ اَکْمَلَ الْمُؤْمِنِیْنَ اِیْمَاناً اَحْسَنُھُمْ خُلُقًا۔
B۔ لَیْسَ مِنَّا مَنْ لَّمْ یَرْحَمْ صَغِیْرَنَا وَلَمْ یُوَقِّرْ کَبِیْرَنَا۔
C۔ مَنْ اَحَبَّ لِلّٰہِ وَاَبْغَضَ لِلّٰہِ وَاَعْطٰی لِلّٰہِ وَمَنَعَ لِلّٰہِ فَقَدِ اسْتَکْمَلَ الْاِیْمَانَ۔
D۔ لَایُؤْمِنُ اَحَدُکُمْ حَتّٰی اَکُوْنَ اَحَبَّ اِلَیْہِ مِنْ وَّالِدِہٖ وَوَلَدِہٖ وَالنَّاسِ اَجْمَعِیْنَ۔

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

14۔ نصاب میں موجود حدیث کے مطابق، ’سب سے بہترین دعا‘ کسے کہا گیا ہے؟

A۔ الحمد للہ کہنا
B۔ بسم اللہ پڑھنا
C۔ اعوذ باللہ پڑھنا
D۔ لا الٰہ الا اللہ کہنا

15۔ كُلُّكُمْ رَاعٍ وَكُلُّكُمْ مَسْؤُوْلٌ عَنْ رَعِيَّتِهٖ۔ (حدیث: 10)

دی گئی حدیث میں موجود لفظ ’رَاعٍ‘ کے کیا معنی ہیں؟

A۔ تمام
B۔ رعایا
C۔ نگہبان
D۔ جواب دہ

16۔ أَوْلَى النَّاسِ بِيْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَكْثَرُهُمْ عَلَيَّ صَلاَةً۔ (حدیث: 04)

دی گئی حدیث کی مرکزی تعلیم کیا ہے؟

A۔ نماز کی پابندی کی جائے
B۔ اخلاق کو بہتر بنایا جائے
C۔ قیامت قائم ہونے پر ایمان لایا جائے
D۔ حضور صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم پر درود بھیجا جائے

17۔ رَبَاطُ يَوْمٍ وَّلَيْلَةٍ خَيْرٌ مِّنْ صِيَامِ شَهْرٍ وَّقِيَامِهٖ۔ (حدیث: 09)

دی گئی حدیث میں کس بات کی ترغیب دی گئی ہے؟

A۔ روزہ رکھنا
B۔ نیک کام کرنا
C۔ جہاد بالسیف کرنا
D۔ رات کو عبادت کرنا

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

18۔ عبد اللہ اور اس کا دوست اللہ تعالیٰ کی صفات کے بارے میں تبادلہ ٔ خیال کر رہے تھے۔ عبد اللہ نے اپنے دوست سے کہا کہ اس دنیا میں صرف وہ ہی ایک ذات ہے جس نے تمام مخلوقات کو پیدا کیا ہے۔ اگر کوئی اور ہے تو بتاؤ؟ اس کے دوست نے کہا نہیں، واقعی تم صحیح کہہ رہے ہو۔

دیے گئے منظر نامے میں، اللہ تعالیٰ کی کون سی صفت کے بارے میں تبادلہ ٔ خیال کیا جارہا ہے؟

A۔ باسط
B۔ خالق
C۔ رازق
D۔ سامع

19۔ قرآنِ مجید میں حضور صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم سے پہلے کی امتوں پر عذاب آنے کی مختلف وجوہات بیان ہوئی ہیں۔ بتایئے درج ذیل کون سی وجہ عذاب آنے سے متعلق تھی؟

A۔ والدین کا کہنا نہ ماننا
B۔ دوسروں کو علم نہ دینا
C۔ جانوروں کو تکلیفیں دینا
D۔ توحید سے انحراف کرنا

20۔ قربِ خداوندی کا سب سے مؤثر ذریعہ کون سی عبادت ہے؟

A۔ نماز
B۔ روزہ
C۔ زکوٰۃ
D۔ حج

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

21۔ آمنہ ایک دین دار خاتون ہے۔ وہ اپنے بچوں کو سنتِ نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے مطابق زندگی گزارنے کا کہتی ہے۔ آمنہ اور اس کے شوہر نے گھر پر ہی اپنے بچوں کو دین کی طرف راغب کرنے کے لیے مختلف طریقے اپنائے۔ بچوں نے کچھ ہی عرصے کے بعد گھر ہی سے دینی تعلیمات پر عمل کرنا شروع کر دیا۔

دیے گئے بیان کے پیشِ نظر آمنہ کے بچے، سنتِ نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی پیروی میں کون سا عمل گھر سے ہی شروع کریں گے؟

A۔ مسجد میں امام کا خطبہ خاموشی سے سنیں گے
B۔ محلے کی صفائی کا خاص خیال رکھیں گے
C۔ اسکول میں اپنا کام وقت پر کریں گے
D۔ گھر کی صفائی کا خیال رکھیں گے

22۔ لوگوں کو راہِ راست پر لانے کے لیے انبیا علیہم السلام کون سا ذریعہ استعمال کرتے تھے؟

A۔ وحی
B۔ عقل
C۔ فرشتے
D۔ تاریخ

23۔ شام کے پہلے تجارتی سفر پر حضور صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے ساتھ کون سی شخصیت تھیں؟

A۔ حضرت عبد المطلبؓ
B۔ حضرت ابو طالبؓ
C۔ حضرت عبد اللہؓ
D۔ حضرت حمزہؓ

24۔ حضور صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم سراپا اخلاق تھے۔ بتائیے کہ حضرت خدیجہؓ نے حضور صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی کس خوبی سے متأثر ہو کر رشتے کا پیغام پہنچایا؟

A۔ شجاعت
B۔ سخاوت
C۔ قناعت
D۔ امانت

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

25۔ ہجرتِ حبشہ اول ، نبوت کے کون سے سال ہوئی؟

A۔ پانچویں

B۔ چھٹے

C۔ ساتویں

D۔ آٹھویں

26۔ درج ذیل میں سے کون سے بیان میں جہاد بالعلم کی اہمیت بہ طورِ خاص بیان ہوئی ہے؟

A۔ ارحم جس اسکول میں پڑھتا ہے ، وہ اس علاقے کی سب سے خوبصورت عمارت ہے۔

B۔ فخر جس اسکول میں پڑھتا ہے ، وہاں کھیلوں کی سرگرمیوں پر بھی خاص توجہ دی جاتی ہے۔

C۔ فاروق کا یہ طریقہ رہا ہے کہ وہ جب بھی کمرۂ امتحان میں جاتا ہے ، نقل کر کے پاس ہوتا ہے۔

D۔ احمد نے ایک ایسا اسکول کھولا ہے جہاں اساتذہ کی جانب سے تعلیم کے لیے اضافی وقت دیا جاتا ہے۔

27۔ غزوۂ بدر کے بعد جو کفار قیدی آزادی حاصل نہیں کر سکے ، ان قیدیوں کو آزاد کرانے کے لیے آپ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم نے فدیہ کا کیا طریقہ اختیار فرمایا؟

A۔ ایک قیدی چار مسلمان بچوں کو لکھنا پڑھنا سکھائے گا

B۔ ایک قیدی چھے مسلمان بچوں کو لکھنا پڑھنا سکھائے گا

C۔ ایک قیدی آٹھ مسلمان بچوں کو لکھنا پڑھنا سکھائے گا

D۔ ایک قیدی دس مسلمان بچوں کو لکھنا پڑھنا سکھائے گا

28۔ واقعۂ کربلا کو سامنے رکھتے ہوئے بتائیے کہ بہ طورِ طالب علم ، آپ کس طرح زندگی گزاریں گے؟

A۔ حق اور سچ بولیں گے

B۔ صدقات و خیرات دیں گے

C۔ نماز اور زکوٰۃ ادا کریں گے

D۔ دوست اور رشتہ داروں کی مالی مدد کریں گے

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

براہِ کرم صفحہ پلٹیے

29۔ جنت میں نوجوانوں کے سرداروں میں سے ایک درج ذیل کون ہیں؟

A۔ حضرت امام حسینؓ
B۔ حضرت معاذ بن جبلؓ
C۔ حضرت حذیفہ بن یمانؓ
D۔ حضرت سعد بن ابی وقاصؓ

30۔ درج ذیل تمام ایجادات جابر بن حیان سے موسوم ہیں، **ماسوائے**

A۔ پن ہول کیمرا
B۔ نمک کا تیزاب
C۔ گندھک کا تیزاب
D۔ خضاب بنانے کا طریقہ

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

اختتام

# Please use this page for rough work

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

# Please use this page for rough work

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only